© rasailojaraid.com



ہمارا دین ہر لحاظ سے مکمل ہے، بلکہ ہم ہمیشہ اس بات کی آرزو میں جیتے ہیں کہ کسی طرح اپنے آپ کو ان لوگوں کے رنگ میں رنگ لیں، جنہیں ہمارے عظیم الشان ماضی نے جنم دیا تھا۔ ہم اپنی مچلی ہوئی تمناؤں اور بے قرار کرنے والے خوابوں کی تعبیر مستقبل میں تلاش نہیں کرتے۔ بلکہ اُسے ماضی میں ڈھونڈتے ہیں۔ اسی مقصد کے حصول کے لیے ہم جدوجہد کرتے ہیں، اسی کی بدولت ہمارے اندر عمل کی خواہش، کچھ ہونے کی آرزو، اور اپنی قوتوں کو ایک راہ پر ڈالنے کا ارادہ پیدا ہوتا ہے۔ اگر یہ روایات ہمارے لیے باعثِ جاذبیت و کشش نہ ہوتیں، اور انھیں اپنانے کا ہمارے اندر ایک شدید احساس قائم نہ رہتا تو ہم آج تک صفحۂ ہستی سے کبھی کے مٹ چکے ہوتے۔

اس معاملہ کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ صرف کتابوں میں محفوظ سچائیاں، خواہ وہ کتنی صحیح اور درست ہوں ایک عام آدمی کے لیے کبھی مفید نہیں ہو سکتیں۔ ایک انسان کے لیے وہ اسی وقت قابلِ قبول ہوتی ہیں جب وہ پیکرِ محسوس میں جلوہ گر ہوں۔ آپ ہر روز اخوت، مساوات، رواداری اور عدل کے الفاظ سنتے رہتے ہیں۔ ان میں سے ہر لفظ آپ کی نگاہوں کے سامنے جیتی جاگتی تصویر لا کھڑی کرتا ہے۔ مثلاً میرے کانوں نے جب کبھی مساوات کا لفظ سنا ہے فوراً میرے ذہن میں حضرت عمرؓ اور حضرت بلالؓ آگئے ہیں۔ میرے نزدیک یہ اس لفظ کی عملی تعبیر ہے، اور میں اسی تعبیر کے ذریعہ اس لفظ کے مضمرات سمجھتا ہوں۔ ایک امریکن جب اسی لفظ کو سنے گا تو اُس کے سامنے کچھ دوسرے نقشے آئیں گے۔ لیکن یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ کوئی لفظ بغیر اُس کی عملی تشریح کے اپنے اندر کوئی معنویت رکھتا ہو۔ ہم جب بھی قرآنِ حکیم کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمارے ذہنوں میں فوراً ان نفوسِ قدسی کی انفرادی اور اجتماعی زندگیاں آتی ہیں جنہوں نے اس کی تعلیمات کو ایک مثالی صورت میں اپنا کر ہمارے سامنے پیش کیا۔ ان صورتوں کو نہ تو کوئی مسلمان فراموش کر سکتا ہے اور نہ ہی نظر انداز کر سکتا ہے۔ یہ معیار ہمیں اپنے ماضی کی روایات ہی سے حاصل ہوتے ہیں۔

بعض لوگ بڑی ناسمجھی کی بنا پر یہ کہہ دیتے ہیں مسلمانوں کی روایات نے ان کے اندر انتشار پیدا کیا ہے۔ لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ انھیں روایات کی وجہ سے انھیں ایک وحدت نصیب ہوئی ہے۔ اگر روایات کا یہ ترکہ ہمیں ورثہ میں نہ ملتا، تو ہر سرپھرا جس طرح چاہتا موڑ توڑ کر تعلیماتِ الٰہی کی تعبیر کر لیتا۔ یہ انہی روایات کا اعجاز ہے کہ قوم کا ایک ایسا اجتماعی شعور بن چکا ہے جس کی وجہ سے وہ اسلام کے اندر کسی فتنے کو گھسنے نہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دیتی اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مسلمانوں نے اسلام کے اندر کسی ایسی تعبیر کو گوارا نہیں کیا، جس کی تائید حضور سرورِ کائنات اور صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم کے اُسوے سے نہ ملتی ہو۔

---

آخر میں ہم ایک گذارش اُن حضرات سے کر دینا ضروری سمجھتے ہیں جو بڑی نیک نیتی کے ساتھ یہ سمجھتے ہیں کہ اسلام کا جب تک کوئی جدید ایڈیشن پیش نہ کیا جائے یہ قوم ترقی نہیں کر سکتی۔ یہ حضرات سخت دھوکے میں مبتلا ہیں۔ وہ نہ تو اس قوم کی ہیئتِ اجتماعی کو سمجھتے ہیں، نہ ہی اس کے مقاصد سے واقف ہیں اور نہ ہی اس کے مزاج کے شناسا۔ مسلم قوم صرف رضائے الٰہی کے لیے دنیا میں زندہ ہے اور اسی کا حصول اس کا معراج ہے۔ آپ خود ہی سوچیے کہ آخر اس منزل کی طرف سب سے صحیح رہنمائی کون کر سکتا ہے — وہی ذاتِ اقدس جس پر قرآن کریم نازل ہوا، اور وہی پاکباز لوگ جو اُس بلند و برتر ذات کی صحبت سے مستفیض ہوئے۔ اسی وجہ سے اس کے ماضی کی حیثیت آثارِ قدیمہ کی نہیں بلکہ ایک زندہ جاوید آئیڈیل کی ہے، جس سے اس کا وجود قائم ہے، جس سے یہ زندگی کی حرارت حاصل کرتی ہے۔ آپ نے اگر ایک دفعہ اس کا اپنے ماضی سے رشتہ منقطع کر دیا، اس کی روایات سے اسے الگ کر لیا تو پھر خواہ یہ کتنی ہی ترقی کرے، لیکن امتِ وسط اور شاہد علی الناس کی حیثیت سے مٹ جائے گی۔ اس کا حشر پھر وہی ہوگا جو لوتھر کی تحریکِ اصلاحِ مذہب نے مسیحیت کا کیا ہے۔ بلکہ اس سے بھی بُرا ہوگا۔ یورپین اقوام نے تو مذہب کی گرفت کمزور ہو جانے کے بعد پھر اپنے آپ کو خاک و خون کے رشتوں میں منسلک کر کے کسی نہ کسی شکل میں اپنے آپ کو زندہ رکھا ہے لیکن یہ قوم جس نے رنگ و نسل کے امتیازات کو ہمیشہ نفرت کی نگاہ سے دیکھا، اس سہارے کو چھوڑ کر آخر کس سہارے پر زندہ رہے گی؟

---

© rasailojaraid.com

